© rasailojaraid.com



تصنیف سے کم نہیں ہے۔ مولانا ہندوستان کے اکابر علماء میں سے ہیں۔ حدیث کے ساتھ موصوف دوالے غیر معمولی شغف اور اشتغال رہا ہے۔ اِس بنا پر تراجم ابواب کی تشریح و توضیح۔ احادیث کے ساتھ اُن کی مناسبت پھر احادیث پر اسانید و طرق کے اعتبار سے کم اور متن کے لحاظ سے زیادہ تر کلام اور بحث احادیث سے مستنبط احکام فقہیہ کا مع دلائل کے تذکرہ اور ان میں مذہب راجح کے وجوہ ترجیح۔ ساتھ ساتھ حسب موقع و ضرورت لطائف و نکات اور قصص و واقعات غرض کہ ان تقریروں میں وہ سب کچھ شگفتہ و عام فہم زبان اُردو میں موجود ہے جو حدیث کے اساتذہ اور طلباء کو درس بخاری میں درکار ہوتا ہے اس میں شبہہ نہیں کہ یہ بڑا مفید سلسلہ ہے جس سے عوام اور خواص دونوں استفادہ کرسکتے ہیں۔ مزید افادہ کی غرض سے شروع میں مولانا کے اور اِس کے بعد امام بخاری کے مفصّل حالات و سوانح بھی شاملِ کتاب ہیں۔ اُمید ہے مدارس عربیہ کے طلباء خاص طور پر اس سے استفادہ کریں گے۔

**سالار جنگ میوزیم کے عربی مخطوطات کی فہرست** جلد دوم مرتبہ جناب محمد اشرف صاحب تقطیع متوسط ضخامت ۲۹۰ صفحات ٹائپ جلی اور روشن۔ قیمت مذکور نہیں۔ پتہ: شری وی۔ال دیوکر اسسٹنٹ ڈائرکٹر سالار جنگ میوزیم اینڈ لائبریری حیدرآباد۔

سالار جنگ میوزیم مختلف قسم کے عجیب و غریب نوادر کے علاوہ عربی فارسی اور اُردو کے ایسے مخطوطات پر بھی مشتمل ہے جن میں سے بعض دنیا میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔ انہیں مخطوطات میں قرآن مجید کی تین سو اڑسٹھ (۳۶۸) جلدیں ہیں جن میں دو سو اکیس (۲۲۱) مکمل قرآن کی جلدیں ہیں۔ یہ جلدیں مختلف کاتبوں کے قلم سے مختلف خطوں مثلاً نسخ۔ مغربی کوفی۔ بہار۔ ریحان اور گلزار میں لکھے ہوئے ہیں اور ان کی جلدوں پر اور اندر طلا کاری اور نفیس عہد کاری کے کاموں کے عجیب و غریب نمونے ہیں۔ اس گنج گراں ارز میں ایک قرآن مجید بنی عباس کے مشہور خطاط یاقوت مستعصمی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے جو جہانگیر اور شاہجہاں کے مطالعہ میں بھی رہا ہے اور اس پر جہانگیر کے ہاتھ کی ایک تحریر اور دستخط بھی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب جس پر پیش لفظ ہمایوں کبیر نے لکھا ہے قرآن مجید کے انہیں مخطوطہ نسخوں کی ایک مکمل تشریحی فہرست ہے جس میں ہر نسخہ کا سائز، تعداد صفحات خطاط کا نام (اگر معلوم ہے) سن کتابت اور



© rasailojaraid.com